# اسلام کے بنیادی عقائد کیا ہیں اور انسانی زندگی پر ان کے اثرات مرتب کریں۔

## تعارف

اسلام کے بنیادی عقائد اس آیت سے واضح کئے جا سکتے ہیں۔


**ولکن البر من امن باللہ وملئکۃ وکتبہ ورسولہ والیوم الآخرہ...**

اس آیت سے واضح ہو جاتا ہے کہ اسلام کے بنیادی عقائد اللہ پر ایمان اس کے ملائکہ، الہامی کتب، رسولوں پر اور یوم آخرت پر ایمان لانا ہے۔ ان تمام عقائد کے مختلف اثرات اجتماعی و انفرادی زندگی پر پڑتے ہیں اور بدلے میں نیک لوگ اور فلاح والا معاشرہ وجود پذیر ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

# اسلام کے بنیادی عقائد

اسلام کے بنیادی عقائد مندرجہ ذیل ہیں.




اسلام کے بنیادی عقائد کا بیان جن کو مزید وضاحت کے ساتھ آگے دیئے گئے نکات کی مدد سے واضح کیا گیا ہے۔

(i)

## عقیدہ توحید : وحدہ لا شریک

سب سے بڑا عقیدہ عقیدہ توحید ہے
اس سے مراد اپنی زبان اور اعمال
کے ذریعے اللہ تعالیٰ کو واحد و یکتا
ماننا اور صرف اسی کی عبادت کرنا ہے۔

**لم یلد ولم یولد**

نہ وہ کسی کی اولاد ہے نہ اس نے کسی کو جنم دیا ہے۔

(ii)

## ملائکہ پر ایمان رکھنا

ملائکہ پر ایمان لانا

اسلامی عقائد میں دوسرا عقیدہ ہے
ملائکہ عربی زبان کا لفظ ہے جس
کا مطلب ہے نور۔ یہ نورانی مخلوق
ہے جن کے ذمے اللہ تعالیٰ نے عبادت
کے علاوہ مختلف کام اور انسانی
حفاظت کی ذمہ داری دی ہے۔

(iii)

## الہامی کتب پر ایمان لانا

ہر دور میں مختلف انبیاء آئے
ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے مختلف

Scanned with CamScanner

کتابیں نازل فرمائی جیسے توراۃ حضرت عیسیٰ پر زبور حضرت داؤد پر اور قرآن مجید حضرت محمدؐ پر

(۱۷)

## عقیدہ آخرت: یوم حساب۔

انسانی عقائد و اعمال کی درستگی و پختگی کیلئے ضروری ہے کہ عقیدہ آخرت پر یقین رکھا جائے۔

"وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ۔
اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں"۔

آخرت کا دن یوم حساب کا دن ہے اور اس کے بعد نا ختم ہونے والی زندگی کا آغاز ہوگا

(۷)

## اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبروں پر ایمان لانا

ہر دور میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کیلئے نبی بھیجے اور اپنا پیغام ان کو وحی کی صورت میں عطا کیا۔ ہر آنے والا نبی پہلے نبی کا وارث وارث کہلاتا ہے

Scanned with CamScanner

Date: __/__/__

(vii)

**اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانا۔**


بے شک تقدیر کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ انسانی عقائد کی تکمیل کیلئے ضروری ہے کہ وہ اللہ کو ہی اچھی اور بُری تقدیر کا مالک مانے۔

**اسلامی عقائد کے انسانی زندگی پر اثرات**

اسلامی عقائد کے انسانی زندگی پر مختلف اثرات پڑتے ہیں۔ یہ اثرات نہ صرف انفرادی زندگی کیلئے اہمیت رکھتے ہیں بلکہ اجتماعی زندگی کیلئے بھی نہایت ضروری ہیں۔ ان عقائد پر ایمان لائے بغیر انسان کامیاب نہیں ہو سکتا۔

Scanned with CamScanner

Date: ___/___/___




عقائد کے اثرات

(۱)

## عقائد سے روحانی سکون کا حصول

عقائد انسان کی فطری ضرورت ہے انسان اپنے حقیقی مالک سے دور رہ کر خوش نہیں رہ سکتا۔ جیسے اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ

بے شک دلوں کو سکون تو اللہ کے ذکر سے ملتا ہے۔ (المائدہ:8)

چنانچہ ضروری ہے کہ روحانی سکون کیلئے ان عقائد پر ایمان لایا جائے اور عمل کیا جائے۔

Scanned with CamScanner

Date:__/__/__

(ii)

## حساب کتاب کا ڈر : یوم آخرت

انسان نہایت خود غرض

فطرت کا مالک ہے اگر اسے حساب کا

ڈر نہ ہو تو ایک دوسرے کو ہی کھا جائے۔

اس لیئے انسان کو یوم آخرت کے حساب

کی بشارت دی گئی تاکہ ظالم ظلم کرنے سے رک

جائیں اور مظلوم نا امید نہ ہوں۔

(iii)

## نیکی کی تبلیغ کا درس :

بنیادی عقائد کی بدولت انسان

نیکی کی تبلیغ دیتا ہے۔ جیسے ارشاد باری ہے

امر وبالمعروف

عقائد کی بدولت ہی انسان نیکی کرتا ہے اور

دوسروں کو بھی دعوت دیتا ہے

(iv)

## برائی کے خاتمے کی کوشش

احساس نگرانی، یوم آخرت اور

اللہ کے سامنے کے خوف سے انسان مسلسل

برائی کے خاتمے کی کوشش میں لگا

رہتا ہے اور نیکی کی طرف رجحان

رکھتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date: __/__/__

(v)

## معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام

قرآن و حدیث میں
بار بار انصاف کرنے کا درس دیا گیا ہے
جیسے حدیث کے مطابق فاطمہ نامی عورت
کا واقعہ جس سے سبق ملتا ہے کہ انصاف
کرنا معاشرے کیلئے کتنا ضروری ہے۔

(vi)

## معاشرتی امن سکون کیلیے عقائد کی اہمیت

ارشاد باری تعالیٰ ہے
لا یحب الفساد
اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والے جانتے
ہیں کہ اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا چنانچہ
وہ بھی فساد سے گریز کریں گے۔

(vii)

## انسانی عزت نفس کا حصول.

عقائد پر ایمان لا کر ہی
انسان عزت و نفس حاصل کر سکتا ہے۔
یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدے سے دیتا ہے نجات آدمی کو۔
اقبال

Scanned with CamScanner

Date: __/__/__

(viii)

## عقائد کی بدولت انسانی حقوق کا تحفظ

عقائد پر ایمان لانے سے انسان دوسروں کے حقوق ضبط کرنے سے گریز کرتا ہے۔ اور کوشش کرتا ہے کہ آخرت کے دن دوسروں کے حقوق کا بدلہ اس کے اعمال سے نہ لیا جائے۔

(ix)

## حفاظت کا احساس: ملائکہ پر ایمان

ملائکہ پر ایمان لانے سے ہر وقت احساس نگرانی رہتا ہے اور حفاظت کا احساس رہتا ہے کیونکہ اللہ نے ہر انسان کی حفاظت کیلئے دو فرشتے مقرر کر رکھے ہیں۔

(x)

## نا امیدی کا خاتمہ

قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے۔ وافوض امری الی اللہ انسان اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کر کے ہر طرح کی فکر و پریشانی سے آزاد ہو جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date:__/__/__

خلاصہ:

دیئے گئے نکات سے

واضح ہوتا ہے کہ اسلام کے بنیادی

عقائد جن میں سے ہر عقیدہ انسانی

زندگی پر اثرانداز ہے۔ ہر عقیدہ

ہر انسان کی اجتماعی و انفرادی

زندگی کے مختلف پہلوؤں پر اثر

انداز ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner